ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ ٹاؤن کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ سے ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد نے ملاقات کی اور پاکستان پیپلز پارٹی کی کامیابی

پر مبارکباد دی اس موقع پر اعلیٰ افسران بھی موجود ہیں

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے

اسکو ہمیشہ سربلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 15/02/2024

حوالہ نمبر TMC/G/INF/0035/24

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ ٹاؤن کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ سے کیمپ آفس میں ڈپٹی میئر کراچی و پاکستان پیپلز پارٹی ضلع ملیر کے صدر سلمان عبداللہ مراد سے ملاقات ہوئی اور حالیہ انتخابات میں ملیر ضلع کو فتح کرنے پر مبارکباد دی چیئرمین گڈاپ ٹاؤن طارق عزیز بلوچ کا کہنا تھا کہ ملیر ضلع پاکستان پیپلز پارٹی کا سب سے مضبوط قلعہ ہے جس کا عملی مظاہرہ جیالوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے تمام قومی صوبائی اسمبلی کے امیدواروں کو کامیاب کروایا گیا یہاں کی عوام نے ہمیشہ پاکستان پیپلز پارٹی کا ساتھ دیا ہے گڈاپ ٹاؤن کی عوام کو پارٹی سے جو توقعات وابستہ ہیں ان کو پورا کرنا ہم سب کی اولین ذمہ داری ہے سیاسی اور سرکاری طور پر یہاں ہونے والے کاموں کے اب ہم سب جواب دہ ہیں عوام کے مسائل کو کس طرح سے حل کرانا ہے ان سب کو ہم اپنے اسمبلی کے ممبران کے ساتھ مل کر حل کریں گے مزید ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور اور وژن کے مطابق پارٹی لیڈر بلاول بھٹو زرداری کے ساتھ ملکر عوام کو سہولیات مہیا کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہیں عوام کو ان کے مسائل کا حل ڈور ٹو ڈور فراہم کرنا ہمارے فرائض میں شامل ہے۔

اس موقع پر وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو میونسپل کمشنر احمد یار، افسر مالیات افتخار احمد دایو، پارلیمانی لیڈر ممبر کونسل میر عباس ٹالپور،، ڈائریکٹر ایچ آر ایم حاجی شریف شیخ، انچارج اینٹی انکروچمنٹ سیل سہیل یار خان، ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ کلچر نبیل بلوچ، ڈائریکٹر انفارمیشن رضوان صابر، فناس افسر کاشف بلوچ، پی ایس چیئرمین لال جان نبی ودیگر بھی موجود تھے۔

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ